ہر چند دوا کی نہ مرض میں ہوئی خفت
مجھ کو مرض الموت سے حاصل ہوئی صحت
اس لطف و کرم کا ترے کیا شکر ادا ہو

یعقوبؑ کو دیدار پسر تم نے دکھایا
عیسیٰؑ سے سوا آپکو ہر بات میں پایا
سلماں کو ہے شیر کے پنجے سے چھڑایا
چاہا جسے مارا جسے جی چاہا جلایا
پھر کیوں نہ نصیری کہیں تم کو کہ خدا ہو

جلال مہمات جہاں آپ ہیں مولا
جس کی کہ تمنا میں رہے عیسیٰؑ و موسیٰؑ
اللہ نے وہ رتبۂ اعلیٰ تمھیں بخشا
معراج کی شب پردہ سے ہاتھ آپ کا نکلا
ثابت ہوا تم دست زبردست خدا ہو

قوت میں شجاعت میں نہیں آپکا ہمسر
پر کاٹے فرشتوں کے جنوں کو کیا بے سر

...ل کی حیدرؑ کا لقب جبر کے اژدر
دو انگلیوں سے تم نے اکھاڑا در خیبر
اس قوت بازو پہ نبیؐ کیوں نہ فدا ہو

...ے غیظ تمھارا غضب خالق باری
...وں ہول شجاعان عرب جنگ سے عاری
اک وار میں دو ہو کے گرا مرحب ناری
کہتے ہیں جسے موت وہ ہے تیغ تمھاری
چاہو جسے اک وار میں بے مرگ فنا ہو

...تار کی سرکار کے واللہ ہو مختار
...تا ہوں میں کھا کر قسم ایزد غفار
بیکس کے طرفدار یتیموں کے مددگار
جو واسطہ دے آپ کا اللہ کو اک بار
آدمؑ کی طرح اس کی بھی مقبول دعا ہو

...عراج کو جس دم گئی احمدؐ کی سواری
...درہ پہ پہنچ کر ہوئے جبریلؑ بھی عاری
ہمراہ نہ تھا کوئی بجز محرم باری
واں احمدؐ مختار تھے یا ذات تمھاری
پھر کون یہ کہہ سکتا ہے احمدؐ سے جدا ہو

...جبریلؑ کو سدرہ پہ سبق تم نے پڑھایا
...ح پیمبرؐ کو سدا آپ کا پایا
پیاسا تھا خضرؑ آب بقا تم نے پلایا
قرآن تمام آپ کی مدحت میں ہے آیا
پھر تیری ثنا بندہ سے کیا خاک ادا ہو

...یا آپکے اللہ نے اے صاحب منبر
...شیر خدا مالک شمشیر دو پیکر
سرتاج شجاعان جہاں غازی و صفدر
احمدؐ کے وصی حق کے ولی خلق کے رہبر
آدمؑ کے شرف نیر اعظم کی دعا ہو

...ا ہو نکو سخاوت میں نہیں آپ سے سبقت
...یا تیری شرافت ہو بیاں کیا تری رفعت
وہ قطرے ہیں تم قلزم ذخار سخاوت
کعبہ میں ولادت ہوئی مسجد میں شہادت
کیوں عز و شرف تیرا نہ مقبول خدا ہو

مشہور ہے عالم میں ترا وصف سخاوت
دینے میں نہ سمجھے کبھی کچھ زر کی حقیقت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ناگاہ آشکار ہُوا گرد اور غبار ۔۔۔ منہ پر نقاب ہاتھ میں نیزہ لیے سوار
اُس کو گرا دیا دیں گھوڑے سے نیزہ مار ۔۔۔ لاشہ کی سمت گاڑی کو لایا وہ شہسوار

تم پاس اب میں لایا ہوں فریاد یا علیؑ
دو داد اور مراد کرو شاد یا علیؑ

گاڑی جب آئی واں پہ جہاں لاش تھی پڑی ۔۔۔ گاڑی سے وہ اتر کے وہاں بیٹھنے لگی
بولی کر غور کیجئے یا مرتضےٰ علیؑ ۔۔۔ یہ دشت اور مسافری اور میری بیکسی

تم پاس اب میں لایا ہوں فریاد یا علیؑ
دو داد اور مراد کرو شاد یا علیؑ

دیکھا جو اُسکی لاش کو سر تن سے ہے جدا ۔۔۔ گھوڑے سے تب اُتر پڑے وہ شاہ لافتاؑ
اُس کے سرِ بریدہ کو تن سے ملا دیا ۔۔۔ فرمایا اُٹھ بحکمِ خدا اُٹھ کھڑا ہوا

تم پاس اب میں لایا ہوں فریاد یا علیؑ
دو داد اور مراد کرو شاد یا علیؑ

وہ دونوں یوں پکارے ملی داد یا علیؑ ۔۔۔ پائی مراد دل بھی ہُوا شاد یا علیؑ
صدقے تمہارے خوب کی امداد یا علیؑ ۔۔۔ قربان تمہارے ہوئے یہ شمشاد یا علیؑ

تم پاس اب میں لایا ہوں فریاد یا علیؑ
دو داد اور مراد کرو شاد یا علیؑ

تسبیح تیرے نام کی ہے وردِ صبح و شام ۔۔۔ پڑھتا ہوں پہلے بھیج کے صلوٰۃ اور سلام
سب صدقِ دل سے سونپ دیئے تم کو اپنے کام ۔۔۔ میرے معاملے کے ہو ضامن تمہیں امام

تم پاس اب میں لایا ہوں فریاد یا علیؑ
دو داد اور مراد کرو شاد یا علیؑ

من بعد مصطفےٰؐ کے ہو برحق تمہیں وصی ۔۔۔ تم شاہ دو جہاں ہو میں بندہ ہوں جعفری

۔۔۔اج پر کسی کا نہ کیجیو مجھے کبھی ۔۔۔ رکھ لیجیو میری آبرو ہے عمر آخری

تم پاس اب میں لایا ہوں فریاد یا علیؑ
دو داد اور مراد کرو شاد یا علیؑ

دیگر

۔۔۔ سر پہ مرے ٹوٹ پڑا کوہِ الم ہے ۔۔۔ اور چرخ بھی ہر لحظہ مرے درپئے غم ہے
۔۔۔لاک کی گردش سے مرا ناک میں دم ہے ۔۔۔ میں قطرۂ ناچیز ہوں تو بحرِ کرم ہے

حل کیجئے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہ کی قسم ہے

۔۔۔وش سے زمانہ کی مرا حال ہے تغیر ۔۔۔ ذلت مجھے دکھلاتا ہے ہر دم فلکِ پیر
۔۔۔تاج سمجھ کر کوئی کرتا نہیں توقیر ۔۔۔ فریاد ہے فریاد ہے اے بازوئے شبیرؑ

حل کیجئے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہ کی قسم ہے

۔۔۔ وقت میں ہووے گا مرا کون خبردار ۔۔۔ مونس ہے نہ ہمدم نہ کوئی یاور و غمخوار
۔۔۔ آقا مرے اب کس سے کروں دردِ دل اظہار ۔۔۔ سن لیجئے اب بہرِ خدا یہ مری گفتار

حل کیجئے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہ کی قسم ہے

۔۔۔ال مرا آپ پہ روشن ہے سراسر ۔۔۔ دن رات غم و رنج میں رہتا ہے یہ مضطر
۔۔۔س دکھ سے ہوا ہوں میں سراسیمہ و مضطر ۔۔۔ وہ رنج کرو دور تم از بہرِ شبیرؑ

حل کیجئے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہ کی قسم ہے

۔۔۔ب واسطہ دیتا ہوں تمہیں شیرِ خداؑ کا ۔۔۔ سن لیجئے صدقہ حسنؑ سبز قبا کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعد اس کے جو میدانِ ستم میں ہوا پیاسا — صدقہ اُسی مظلومؑ کا اور زین العباؑ کا

حل کیجیے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہ کی قسم ہے

پھر باقرؑ و جعفرؑ کی قسم دیتا ہوں شاہا — اور موسیٰؑ کاظمؑ کا دلاتا ہوں میں صدقا
اب بہرِ رضاؑ حل کرو مشکل مری مولا — مرجاؤں گا گر دیر کی اے میرے مسیحا

حل کیجیے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہ کی قسم ہے

از بہرِ تقیؑ رحم کرو حال پہ میرے — از بہرِ نقیؑ شاہِ زمن دیر نہ کیجے
اور عسکریؑ کیواسطے مہدیؑ کے کرم سے — اے ثانیٔ جعفرؑ ترے دلدار کے صدقے

حل کیجیے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہؑ کی قسم ہے

بن آپ کے کونین میں کوئی نہیں یاور — ہے عار اگر غیر سے سائل ہو یہ مضطر
برگشتہ زمانہ ہے کہوں کس سے میں جاکر — اب جلد خدا کے لیے ابنِ شہِ صفدر

حل کیجیے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہ کی قسم ہے

عباسؑ علمدار تری شان کے قربان — کیا عرض کروں کہتا ہوں ناچار پریشاں
حل کر دے مرے عقدۂ لاحل کو تو اس آن — از بہرِ بتولؑ اے شہِ مرداں کے دل و جاں

حل کیجیے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہؑ کی قسم ہے

عباسؑ علیؑ قاسمؑ و اکبرؑ کے لیے اب — اور عون و محمدؑ کے اور اصغرؑ کیلئے اب
حُرؑ کیلئے اور مسلمؑ بے پر کے لیے اب — ہاں جلد حبیبؓ ابنِ مظاہر کیلئے اب

حل کیجیے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہ کی قسم ہے

دو ٹکڑے کیا حیدرؑ کرار نے اژدر — طفلی میں انھیں حق نے کیا حیدرؑ صفدر
سلمانؓ کو چھڑا شیر سے کاٹا سرِ عنتر — تم اُن کے پسر ہو میں غلامِ شہِ قنبرؓ

حل کیجیے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علیؑ تم کو سکینہ کی قسم ہے

ہے دل سے ثنا خواں یہ نحیف اے مرے مولا — میں تم پہ فدا صدقہ یہ گھر بار ہے سارا
بہرِ حسنینؑ و نبیؐ و سیدۂ زہراؑ — ہو عرض یہ مقبول مری اے شہِ والا

حل کیجیے مشکل مری اب دیر ستم ہے
عباسؑ علی تم کو سکینہؑ کی قسم ہے

دیگر

مجھ سے خطا ہوئی ہو تو آقا بحل کرو — للہ میرے غم کو خوشی سے بدل کرو
دستِ دراز چرخِ ستمگر کو شل کرو — مرتا ہوں رنج و غم سے مدد آجکل کرو

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو
یا مرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

در چھوڑ کر تمہارا کدھر جائے رُوسیاہ — یا مرتضیٰ علیؑ میں بہت ہو چکا تباہ
امداد اس گدا کی کرو کُل کے بادشاہ — تم نے خبر نہ لی تو نہیں پھر میرا نباہ

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو
یا مرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

سلمانؓ نے دشت سے جو کہا تھا پکار کر — یا مرتضیٰ علی ہو مجھے گھیرے ہے شیرِ نر
فوراً اُسے چھڑا دیا یا شاہِ بحر و بر — میں بحرِ غم میں ڈوبتا ہوں لیجیے خبر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو
یا مرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

اسود کا تم نے دستِ بُریدہ ملا دیا
بے دم کیا نصیریؔ کو اور پھر جلا دیا
پنجرے سے باز کے تھا کبوتر چھڑا دیا
حق معرفت کا روح امیں کو بتا دیا

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو
یا مرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

ایسا الم نے آکے مجھے مضمحل کیا
مشکل کو تم نے ہر کس و ناکس کی حل کیا
سردارِ غم نے کشورِ دل پہ عمل کیا
میں نے بھی اس کا درد محل بے محل کیا

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو
یا مرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

سردارِ دیں ہو مالکِ کون و مکاں ہو تم
ہر ایک چارہ جُو کی دوا بیگماں ہو تم
حق کا کلام ہے یہ خدا کی زباں ہو تم
اور کیا کہوں کہ قاسمِ نار و جناں ہو تم

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو
یا مرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

بارِ الم اُٹھانے کی مجھ میں نہیں ہے تاب
ہوتا ہوں ہمنشینوں میں خجلت سے آب آب
گردش نے آسماں کی مجھے کر دیا خراب
ڈر ہے نظر میں ہوں نہ سُبک یا ابوتراب

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو
یا مرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

کیا کیا شکایتیں کروں قسمت کے پھیر کی
اب تک تو اس غلام نے ہر طرح تیر کی
کی رنج میں جو شام تو غم میں سویر کی
پیش آئی جو کہ فکر زبردست زیر کی

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو

http://fb.com/ranajabirabbas

یا مُرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

[illegible] آپ کا ہوں گنہگار ہوں تو ہوں
[illegible] اس پہ اعتقاد مصیبت میں کیوں ہوں
فریاد آپ سے نہ کروں کس سے پھر کروں
مشکلکشا جو تم سا ہو کیوں دردِ دکھ سہوں

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو
یا مُرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

[illegible]کل میں ہم کو سب نے پکارا ہے یا علیؑ
[illegible]معاش نے مجھے مارا ہے یا علیؑ
آفت میں پنجتنؑ کا سہارا ہے یا علیؑ
آخر تو یہ غلام تمہارا ہے یا علیؑ

اُمیدوار ہوں کہ نہ دیر ایک پل کرو
یا مُرتضیٰ علیؑ مری مشکل کو حل کرو

دیگر

[illegible]ج و محن نے کیسی یہ آفت مچائی ہے
[illegible]ت زبوں نے شکل یہ کیسی دکھائی ہے
فوجِ الم کی دل پہ گھٹا میرے چھائی ہے
آرام چین اُڑ گیا حق کی دوہائی ہے

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مُرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

[illegible]رت کا زور جانی ساری خُدائی ہے
[illegible]بر کی نیو آپ نے جڑ سے ہلائی ہے
اِنّا فتحنا شان میں مولا کے آئی ہے
بُنیادِ کفر بیرِ الم میں گرائی ہے

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

[illegible]نگِ اُحد میں آپ ہی نے فتح پائی ہے
[illegible]نِ محمدیؐ نے ضیا تم سے پائی ہے
کی کفر کی بھی بدر میں تم نے صفائی ہے
حصّے میں تیرے فتح ہمیشہ سے آئی ہے

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

یا شاہِ ذوالفقارؑ مدد میری کیجیے
دُلدُل کے شہسوارؑ مدد میری کیجیے
شاہوں کے تاجدارؑ مدد میری کیجیے
یا شاہِ نامدارؑ مدد میری کیجیے

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

جس نے کہ نام آپ کا وِردِ زباں کیا
مانگا جو آپ سے وہیں بس آپ نے دیا
باقی نہ کوئی دل میں رہا اُس کے مدّعا
فدوی پہ کرم کیجیے یا شاہِ دوسرا

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

یا مرتضیٰ علیؑ مرے مطلب ہوں سب حصول
جز یادِ حق نہ جائے مرا وقت کچھ فضول
فضلِ خدا سے رحمتِ حق کا رہے نزول
دُنیا کے غم سے شاہ نہ رکھیو مجھے ملول

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

دنیا کے غم سے ہووے نہ ہرگز مجھے ملال
شاہا غلام کرتا ہے آقا سے یہ سوال
لیکن غمِ حسینؑ میں میرا ہو انتقال
گستاخی ہوتی ہے جو کروں اپنا عرضِ حال

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

سب کیفیتیں حضور پہ بالکل ہیں آشکار
شوریدہ بخت اَلَم سے ہوا ہوں میں دلفگار
راحت ملے غلام کو یا شاہِ ذوالفقارؑ
تم پاس عرض لایا ہوا یا شاہِ نامدارؑ

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

...نہ مجھ سے کوئی زیادہ گناہگار
...کون میرا ہوئے گا ہمدرد و غمگسار
دنیا میں مجھ سے بڑھ کے نہیں کوئی نابکار
راہِ خدا سے دُور پڑا ہوں میں سوگوار

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

...اہ اب میں جاؤں کہاں کو بتائیے
...یرے جو ہیں مطالب دِلائیے
مشکل سے آ بنی ہے مجھے اب چھڑائیے
کرتا ہوں عرض مجھ کو نہ در در پھرائیے

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

...ہوا ہوں حال مرا ہے بہت خراب
...گدا ہوں خدمتِ اقدس سے باریاب
روتا ہوں رات دن نہیں آتا ہے مجھ کو خواب
اے کُل کے بادشاہ بُلا لیجیے شتاب

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

...جو مدّعا تھا گذارش میں کر چکا
...کا کیجیے مقبول اب دُعا
مطلب ہیں میرے جتنے بر آویں پئے خدا
بہرِ بتولؑ غم سے رہا کیجیے شہا

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

...تضیٰ علیؑ پئے حسنینؑ پاک ذات
...امام باقرؑ و جعفرؑ سے ہو یہ بات
زین العباؑ کے صدقے سے ہووے مری نجات
کاظمؑ رضاؑ کے واسطے آساں ہوں مشکلات

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

...تقیؑ نقیؑ کا بر آویں تمام کام
اور بہرِ عسکریؑ امامِ رشدِ انام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مہدیؑ کے صدقہ سے میں ہوں منظورِ خاص و عام
اب دیر کا مقام نہیں شاہِ ذوالکرام

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

اندر نماز کے مجھے ہووے نہ وسوسا
ابلیس آسکے نہ مرے پاس مطلقاً
شاہا نماز میری نہ ہووے کبھی قضا
روزِ ازل سے کیسا عدو ہے یہ بیحیا

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

شاہا بہت میں تنگ ہوا ہوں زمانہ سے
للہ مجھکو چین ہو اپنے یگانے سے
رنج و الم ستاتا ہے ہر اک بہانے سے
روزی بھی مجھکو دیجئے تو اپنے خزانے سے

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

جود و سخا میں آپ ہیں مشہور یا امام
سائل کے مانگتے ہی شتر ہو گئے تمام
دینا نماز میں تھا انگوٹھی تمھارا کام
سائل پھرا حضور کے در سے نہ بے مرام

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

درخواست میری کیجئے مقبول یا امامؑ
ہے دستخط کی آرزو واللہ صبح و شام
صدقہ سکینہؑ کا ہے عباسؑ نیک نام
گر دستخط ہوں عرضی پہ بر آئیں سارے کام

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

عباس ہے غلام تمھارا جو شاہِ دیں
اب یہ پھرے بھٹکتا نہ ہرگز کہیں کہیں
رنج و الم نے اسکو کیا ہے بہت حزیں
طاقت اٹھانے رنج و الم کی اسے نہیں

اندوہ و غم سے جانِ حزیں لب پہ آئی ہے
یا مرتضیٰ علیؑ دمِ مشکل کشائی ہے

دیگر

...اہا تم کو خالقِ غفار کی قسم
...ے خبر ہماری شتابی سے آن کر
تمھارا کعبہ و مدفن نجف ہوا
قسم ہے آدمؑ و حواؑ و شیثؑ کی
...کی قسم ہے سلیمانؑ و ہودؑ کی
...ل ارمیاؑ و عزیزؑ و ذبیحؑ کی
...کی ذکریاؑ کی قسم دانیالؑ کی
...کی زبور کی توریت کی قسم
...رِ حق میں تم ہو وسیلہ غریب کا
...مصطفٰےؐ علیؑ تو تم نائبِ رسولؐ
...ل کرم تمھارا رہے مجھ پہ تم کرم
...رِ حق ہو نام تمھارا ہے مرتضیٰؑ
...حنت حادثہ سے چھڑا دو مجھے شتاب
...ل پڑی ہے حل کر دیا شاہ مرتضیٰؑ
...رے غم نے مجھکو کرو دور درد و غم
...ں پڑا ہوں جلد تو میرے دستگیر
...رِ حق غریب کی کرنا مدد ضرور

کیجو مدد خدائے جہاندار کی قسم
حضرت رسولؐ سید ابرار کی قسم
تم کو ہے دونوں مطلعِ انوار کی قسم
الیاسؑ و نوحؑ لوطؑ عبردار کی قسم
صالحؑ شعیبؑ موسیٰؑ کے گفتار کی قسم
اسحاقؑ اور خلیلؑ کے گلزار کی قسم
ہارونؑ و خضرؑ عیسیٰؑ ہشیار کی قسم
قرآں کلام حضرت دادار کی قسم
دلوا دو مدعا میرا عمار کی قسم
کیجو نگاہ لطف کی دربار کی قسم
عباسؑ و حمزہؑ صفدر پیکار کی قسم
تم کو خطاب حیدرؑ کرار کی قسم
تم کو عقیلؑ و جعفرؑ طیار کی قسم
خاتونِ حشرؑ و عترتِ اطہار کی قسم
حضرت حسنؑ امام نکوکار کی قسم
سبطِ شہیدؑ غازی کفار کی قسم
عباسؑ باوفا و علمدار کی قسم

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غم کے مرض میں سخت گرفتار ہوں شہا	کیجو علاج عابدِ بیمار کی قسم
عقدہ پڑا ہے سخت مرے روزگار میں	جلد عقدہ کھولو باقرِ مختار کی قسم
دنیا کے کاروبار میں شدت ہوئی نصیب	کلفت مٹاؤ جعفرِ دیندار کی قسم
مشکلکشا ہو تم کرو حل مشکلات کو	حضرت امامؑ کاظمؑ سردار کی قسم
دیجو مجھے مراد کرو اک نگاہِ لطف	موسیٰؑ رضا علیؑ جہاں دار کی قسم
تاخیر مت کرو مری مشکل کو حل کرو	حضرت تقیؑ محمد غمخوار کی قسم
حاجت روائے خلق ہو حاجت کرو روا	حضرت علیؑ نقی نیکوکار کی قسم
دستِ خدا ہو میری تم امداد کیجیو	تم کو امام عسکریؑ سالار کی قسم
دشمن تمام خلق ہے تم دوستی کرو	حضرت امام مہدیؑ مختار کی قسم
میں ہوں غلام آپ کا کیجو مری مدد	قنبر غلامِ خاص وفادار کی قسم
چاہوں نظرِ کرم کی کرو مہر کی نگاہ	یا شاہ تم کو بوذرِ غفار کی قسم
سلمان کی قسم تمھیں مقداد کی قسم	اسود کی اور نصیری و عمار کی قسم
جو میرا مدعا ہے سو بخشو مجھے شتاب	یا شاہ تم کو دلدل رہوار کی قسم
میرے مخالفین ہوں ناکام ہر طرح	تم کو ہے ذوالفقار سی تلوار کی قسم
دیجو مجھے مخالفوں پر فتح یا علیؑ	تم کو جہادِ غزوۂ کفار کی قسم
اسرارِ مصطفےٰؐ کے ہو تم رازدارِ خاص	لیجو خبر تمھیں انہی اسرار کی قسم
مجھ پر نگاہ آپ ترحم سے کیجیو	سب مومنین و فرقۂ زوار کی قسم
کیجو کرم قسم تمھیں حج و زکوٰۃ کی	کلمہ نماز روزہ و افطار کی قسم
اللہ سے دلاؤ مجھے مرتبہ بلند	عرش مجید و کرسیِ ستار کی قسم
کیوں دیر اب لگائی ہے کیجیے مدد شتاب	تم کو نجوم ثابت و سیار کی قسم
یا پیر مرتضےٰؑ مرے اب دیجو دل کو چین	دوزخ بہشت آتش و گلزار کی قسم

...سے مانگتا ہوں وہ حاجت کرو روا	جو روز فرشتہ صاحبِ اسرار کی قسم
...کی جناب سے مجھے مقصد دلائیو	روزِ سفید اور شبِ تار کی قسم
...و شتاب میری مدد کو ابوترابؑ	فرشِ زمین و گنبدِ دوّار کی قسم

خرم غلامِ خاص ہے اِس پر نظر کرو
یا شاہ ان مناقب و اشعار کی قسم

دیگر

...ہے نفسِ شوم مرے دل کی دلبری	اور شاخِ معصیت کی سدا کھاتا ہے بری
...جہاں میں روز نئی کھلتی ہے کلی	مشکلکشائی کیجیے مشکل ہے آپڑی
انجام ہو بخیر مرادیں ملیں دلی	صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ
...و تجور سے نہیں بچتا کسی گھڑی	گو جانتا ہوں موت ہی سر پر مرے کھڑی
...قدم بھی سخت ہے منزل بھی ہے کڑی	مشکلکشائی کیجیے مشکل ہے آپڑی
انجام ہو بخیر مرادیں ملیں دلی	صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ
...کام مرگ لذت کلمہ زباں پہ ہو	جبتک جیوں ہمیشہ عمل اس قرآں پہ ہو
...خاتمہ بخیر امیدِ جناں پہ ہو	میری نظر کسی کے نہ ہرگز زیاں پہ ہو
انجام ہو بخیر مرادیں ملیں دلی	صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ
...ائیں قبر میں جو مجھے خویش و اقربا	تاریکیٔ لحد سے میں خائف نہ ہوں ذرا
...نکیر سے بھی نہ گھبراؤں میں شہا	ہو نام پاک تیرا معاون دمِ رجا
انجام ہو بخیر مرادیں ملیں دلی	صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ
...ہے میرے نامۂ اعمال کا سیاہ	کرتا ہوں بیشمار شب و روز میں گناہ
...ا مجھے بچائیے اور دیجیے پناہ	ہو جاؤں گا میں نامۂ اعمال سے تباہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انجام ہو بخیر مُرادیں ملیں دلی — صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ

کس مُنہ سے جاؤنگا میں بھلا پیش ذوالجلال
مرنے کے بعد دیکھیے کیا ہوگا میرا حال
روزِ جزا میں ہوئیگا جب مجھ سے کچھ سوال
جب خود بخود کریگا ہر اک عضو قیل و قال

انجام ہو بخیر مُرادیں ملیں دلی — صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ

غفلت کے پردہ نے مجھے نابینا کر دیا
اس غم نے آہ زخمی مرا سینہ کر دیا
دُشوار خواہشوں نے مرا جینا کر دیا
مَیں صاف دل تھا جسکو پُراز کینہ کر دیا

انجام ہو بخیر مرادیں ملیں دلی — صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ

مولا گناہوں سے مجھے اب تو بچائیے
گم کردہ رہ ہوں سیدھا طریقہ بتائیے
جو مغفرت کی راہ ہے اس پر چلائیے
جز یادِ حق نہ اور کوئی لو لگائیے

انجام ہو بخیر مرادیں ملیں دلی — صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ

صدقہ خدائے پاک کا یا شاہِ دوسرا
صدقہ بتولِ پاک کا یا شاہِ لافتےٰ
صدقہ رسولِ پاک کا یا شاہِ اتقیا
خیبر کے فتح کرنے کی تم کو قسم شہا

انجام ہو بخیر مُرادیں ملیں دلی — صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ

بہرِ حسنؑ حسینؑ شہنشاہِ ذوالکرام
صدقہ امام باقرؑ و جعفرؑ کا یا امام
زین العباؑ کا صدقہ مُرادیں ملیں تمام
کاظمؑ رضاؑ کا صدقہ ملے وادی السلام

انجام ہو بخیر مُرادیں ملیں دلی — صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ

بہرِ نقیؑ تقیؑ مری آفت مدد کرو
مہدیؑ کا واسطہ مری شاہا مدد کرو
بہرِ امام عسکریؑ مولا مدد کرو
در در پھرا ہوں پشت پناہا مدد کرو

انجام ہو بخیر مُرادیں ملیں دلی — صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ

طفلی سے ہوں غلام تمہارا شہِ انام
کب تک پھروں بھٹکتا ہوا شاہ بیمرام
جز ذاتِ پاک اور کسی سے نہیں ہے کام
لِلّٰہ مجھکو دیجئے جنت میں اب مقام

انجام ہو بخیر مرادیں ملیں دلی — صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ

[illegible]اس کی یہ عرض ہے اب تم سے یا امام
[illegible]کر دو اب جہاں کے علیحدہ رہوں مدام
یادِ خدا میں رہوں مصروف صبح و شام
میرے شفیع حشر میں ہوں سید الانام

انجام ہو بخیر مُرادیں ملیں دلی — صدقہ حسنؑ حسینؑ کا یا مرتضیٰ علیؑ

دیگر

[illegible]فت میں ہوں پھنسا مجھے مولا بچائیے
[illegible]ضطر ہوں بیقرار ہوں اب رحم کھائیے
صدقہ سے پنجتن کے نہ در در پھرائیے
اعدا پہ میرے قہر کی بجلی گرائیے

رنج و محن سے اب مجھے آکر بچائیے
وقتِ مدد ہے یا علیؑ تشریف لائیے

[illegible]زازل سے آپ کا مشکلکشا ہے نام
[illegible]ردہ و غم میں رہتا ہے یہ مبتلا غلام
مشکل پڑی ہے جس پہ ہیں آپ آئے کام
مشکلکشائی کیجئے یا شاہِ صبح و شام

رنج و محن سے اب مجھے آکر بچائیے
وقتِ مدد ہے یا علیؑ تشریف لائیے

[illegible]شاہ ہوں میں بخت پریشاں اور ملول
[illegible] رنج دور ہوں خوشی ہوئے اب حصول
گھیرے ہیں مجھکو رنج و الم بے سبب فضول
صدقہ سے اہلبیت کے یہ عرض ہو قبول

رنج و محن سے اب مجھے آکر بچائیے
وقتِ مدد ہے یا علیؑ تشریف لائیے

[illegible]من ہیں بے شمار مری جاں زار ہے
[illegible]ماب کی طرح میرا دل بیقرار ہے
رنج و الم سے ہر گھڑی سینہ فگار ہے
تیرے کرم کا یا علیؑ اب انتظار ہے

رنج و محن سے اب مجھے آکر بچائیے

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اب آگے التماس میں طول کلام ہے — زینت کا تیری عالم و داتا امام ہے

جس طرح سے وزیر ہوئی ہے شفا تجھے
یوں ہی طلب کریں گے شہ کربلاؑ تجھے

قصیدہ بجناب علی مرتضیٰ علیہ السلام

قیاس و وہم سے باہر ثنائے شاہِ مرداںؑ ہے — کہ اُوپر یا نامِ خدا وہ شیرِ یزداں ہے
ملک تابع نبی مادح خدا جس کا ثناخواں ہے — جہاں میں سب پہ روشن مثلِ خورشید اس کا احساں ہے

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

بلاشک نام ہے اس کا دوائے دردِ بیدرماں — شفا پاتے ہیں بیمارانِ عالم جس سے بے عنواں
یہ ہے وہ اسمِ اعظم جس کے باعث چرخ ہے گرداں — فلک کا ہے وظیفہ اور فلک اس پر ہے قرباں

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

یداللہ فوق ایدیہم ہے اس کی شان میں آیا — خدا نے کل اَتیٰ اور قل کفیٰ قرآں میں فرمایا
شبِ معراج گردوں پر نبیؐ کا جب پڑا سایا — ملک ہر اک لبوں پر اپنے اُس دم یہ سخن لایا

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

یہ وُہ ہے نام جس سے مشکلیں سب کی ہوئیں آساں — کہ اس کی شان میں آئی ہیں کیا کیا آیتِ قرآں
ہے اس مہرِ امامت سے منور کشورِ ایماں — نہ کیونکر وہ سخن ہوئے زباں پر بر لبِ خنداں

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

[…]ن کو علی مرتضیٰؑ سا رہبرِ کامل — تو آساں ہو کر طے ہر مرحلہ ہی ہر اک منزل
[…] کو روزِ محشر سے نجات اس کو ہوئی حاصل — کرے وردِ زباں کیونکر نہ پھر ہر دم وہ رد مشکل

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

[…]پاک ہے وہ جس کے باعث ہوا عالم — ازل سے ہے پئے تسلیم پشت پیرِ گردوں خم
[…]مہ اس سے ہے روشن منورِ نیرِ اعظم — زباں پر قدسیوں کے ہے وظیفہ یہ سخن ہر دم

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

[…]م مقدس ہے بلاشک عرش کا زیور — یہی ہے زینتِ کرسی یہی ہے رونقِ منبر
[…]کے نور سے ہے نورِ اجرامِ فلک انور — زمین و آسماں کا بے گماں یہ نام ہے لنگر

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

[…]ذات ہے نورِ خدائے پاک بیہمتا — کرو مدح و ثنا جو کچھ کہ ہے اس شاہ کو زیبا
[…]ہے ہیں علی سب سے زیادہ اس کا ہے رتبا — نہ کیونکر اہلِ دیں کو اسمِ اعظم نام ہو اس کا

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

[…]اتِ پاک حیدرؑ افتخارِ عالم و آدمؑ — خدا کا برگزیدہ مصطفےٰ کا یاورِ ہمدم
[…]ہے اس ولی کے ہے بنائے دیں مستحکم — پھرا اس کے اشارہ سے فلک پر نیرِ اعظم

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغِ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

[…]ہے مظہرِ خالق مجسم نورِ یزدانی — پیمبرؐ کے سوا جس کا وہ عالم میں نہیں ثانی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بشر کی کیا بضاعت جو کرے اسکی ثنا خوانی
کہ جسکی شان میں نازل ہوئیں آیاتِ قرآنی

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

غبارِ راہ ہے اُسکی جبینِ عرش پر صندل
بنی خاکِ قدم کے واسطے چشمِ فلک محمل
ہے دُودِ شمعِ عارض حورعیں کی آنکھ کا کاجل
یہی مضمون ہے وردِ زبانِ قدسیاں ہر پل

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

سنا یہ برملا سب نے مدینہ کے جو تھے ساکن
کہ حق میں مرتضیٰؑ کے کہا خورشید نے اک دن
علیؑ اول علیؑ آخر علیؑ ظاہر علیؑ باطن
علیؑ ہادی علیؑ مرشد علیؑ حامی علیؑ محسن

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

ہے ذاتِ پاک حیدرؑ شہرِ علمِ مصطفےٰؐ کا در
مجسّم نورِ یزداں اور قسیمِ جنّت و کوثر
محیطِ رحمتِ ایزد شفیعِ عرصۂ محشر
اکھاڑا جسنے دو انگلی سے لوہے کا درِ خیبر

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

تصور کے قلم سے دل پہ کھینچوں اُس کا گر نقشہ
تو روشن نور سے ہو دل مرا مثلِ یدِ بیضا
نہ مثل اس کے ہوا کوئی نہ ہوگا پھر کوئی پیدا
پیمبرؐ اس پہ تھا شیدا خدا کا وہ رہا شیدا

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

شریکِ رتبۂ لولاک ہے وہ عاشقِ داور
کلام اللہ ہے ناطق محبوبِ بے گماں حیدرؑ
جو اس کا قول ہے وہ ہے بلاشک قولِ پیغمبرؐ
مددگارِ غریباں ہے وہ نورِ خالقِ اکبر

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

… ہے اُس ولی کے دین کا سرسبز ہے گلشن
طفیلِ مہرِ عارض سے ہے قندیلِ فلک روشن
… وت جس کو ہے اُس سے وہ ہے للہ کا دشمن
جھکا دے اُس کے آگے کیوں نہ ہر خورد و کلاں گردن

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

… ہے بندگی کا طوق مہر و مہ کی گردن میں
وہ اس کے تابعِ فرماں ہیں جسکی جان ہے تن میں
… ابرِ فیض سے اُس کے ہے ہاؤ رنگ گلشن میں
پھرایا شیر سے سلماںؓ کو اس نے دشتِ ارژن میں

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

… وں کس کس سے رتبہ ہی فزوں اس شیرِ یزداں کا
وہی مشکل میں ہے مشکلکشا ہر ایک انساں کا
… وں کے لیے اس کے بنا ہے باغِ رضواں کا
ملک کا وردِ ہر دم اور وظیفہ حور و غلماں کا

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

… اس کے مرتبے ہیں محو سارے علم ان کو کیا جانے
خدا جانے اُسے جبریلؑ جانے مصطفےٰؐ جانے
… شر کو چاہیے اُس کو شفیعِ دوسرا جانے
امام و پیشوا و سرورِ حاجت روا جانے

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے
عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرزِ طفلاں ہے

… ہے محتاج سب اُن کے نبیؐ کے بعد تا ایں دم
ہے روشن اس کے جلوہ سے چراغِ نیّرِ اعظم
… ہوا پر آسماں قائم زمیں ہر آب پر ہر دم
وہ تھا جبریلؑ کا اُستاد پیش از خلقتِ آدمؑ

علیؑ کا نام بھی نامِ خدا کیا راحتِ جاں ہے

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تضمین

تو اپنے ایک جام پہ نازاں ہے ساقیا
میخانوں کا تجھے میں دیئے دیتا ہوں پتہ

چودہ پلانے والے میں پروا ہے تیری کیا
بطحا و نجف کاظمین و خراسان و سامرہ

خورشیدِ مُدعا مرا برجِ شرف میں ہے
اِک کربلا میں اِک مرا ساقی نجف میں ہے

رُباعی

در مذہبِ ما کلامِ حق نادِ علیؑ است
از جملۂ آفرینشِ کون و مکان

طاعت کہ قبولِ حق بود یادِ علیؑ است
مقصودِ خدا علیؑ و اولادِ علیؑ است

قطعہ

مشہور شش جہت میں شرف پنجتن کا ہے
بعد اس کے نام خسروِ خیبر شکن کا ہے

پہلے تو نامِ پاک رسولِؐ زمن کا ہے
اور اسم پھر بتولؑ اسیرِ محن کا ہے

چوتھے جوانوں میں حسنؑ سبز فام ہیں
اور پانچویں حسینؑ علیہ السّلام ہیں

مفردات

شفیعؐ مُطاعؐ نبیؐ کریمؐ
قسیمؐ وسیمؐ جسیمؐ نسیمؐ

فرد

چراغ و مسجد و محراب و منبر
علیؑ و فاطمہؑ شبیرؑ و شبّرؑ

فرد

علیؑ امامِ من است و منم غلامِ علیؑ
ہزار جانِ گرامی فدائے نامِ علیؑ

فرد

شبے در خواب دیدم من جمالِ ساقیِ کوثر
علیؑ بن ابیطالب امیر المومنین حیدرؑ

فرد

من خاکپائے عالمِ اصحاب کُلّہم
لعنت براں کہ مُنکرِ یک یار می شود

فرد

یا علیؑ گفتی چو درمانی بفریادت رسم
یا علیؑ درماندہ ام اکنوں بفریادم برس

فرد

گر دو عالم پُر از ولی باشد
پیرِ ما مُرتضیٰؑ علیؑ باشد

رُباعی

خلق گوید بر یزید و قومِ اُو لعنت مکُن
آنکہ او با آلِ احمدؐ کرد بخشیدش خدا

تا کہ گرداند خدا جا گر ز اہلِ جنتش
ہم مکن بخشد اگر صد بار گویم لعنتش

رُباعی

بر دُشمنانِ علیؑ ولی لعنت باید
ہر کس کہ زند دم بدوستی شہِ مرداں

بر دوستانِ علیؑ وصی رحمت باید
گر لعن بدشمنانش نکند بر او لعنت باید

قطعہ

داستاں پسرِ ہندہ مگر نہ شنیدی
پدرِ او در دندانِ پیمبرؐ بشکست
اُو بناحق حقِ دامادِ پیمبرؐ بگرفت
بر چنیں قوم کہ لعنت نکند لعنت باد

کہ چہا از ستمِ اُو بہ پیمبرؐ برسید
مادرِ او جگرِ عمِّ پیمبرؐ بمکید
پسرِ او سرِ فرزندِ پیمبرؐ بہ بُرید
لعنت اللہ یزیداً و علیٰ قومِ یزید

حافظ شیرازی رحمۃُ اللہ علیہ

اَحداً سامِع المُناجاتی
زیر و بالا می توانم گفت
حاجتِ خویش از تو می طلبم

صمداً کافیُ المہماتی
خالقُ الارض والسمٰواتی
زانکہ قاضیِ جملہ حاجاتی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مناجات

جناب سیّدہؑ طاہرہ

بابا نے تیرے اُمّتِ عاصی کو بچایا
شربت تیرے شوہر نے ہے قاتل کو پلایا
خود رنج اُٹھائے ہمیں دوزخ سے بچایا
خوشنودیٔ رَبّ کے لئے سم بیٹے نے پایا

چُھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقت کرم ہے
یا فاطمہؑ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

سَم سے تو ہوا شبّرؑ ممدوح پہ صدمہ
ان صدموں کا بےحد ہے میری رُوح پہ صدمہ
اور کرب وبلا میں ہوا جب نوح پہ صدمہ
کیوں اور ہو کوئی دلِ مجروح پہ صدمہ

چُھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقت کرم ہے
یا فاطمہؑ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

آفت سے غم و رنج سے اب جاں کو اماں دو
نالاں کو اماں خائف ترساں کو اماں دو
مَیں سخت پریشان ہوں پریشاں کو اماں دو
محروم کو مغموم کو گریاں کو اماں دو

چُھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقت کرم ہے
یا فاطمہؑ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

اب لب پہ میرے نامِ شہِ تشنہ لب آیا
سائل ترے در پہ نہیں ہے بے سبب آیا
شکر ترے کنبہ کا میں نام و نسب آیا
لِللہ ذرا پوچھ کہاں سے ہے کب آیا

چُھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقت کرم ہے
یا فاطمہؑ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

سائل کو جھڑکنے کی تو عادت نہیں تیری
مخفی کوئی دنیا میں سخاوت نہیں تیری

عصیاں نہ بجل ہوں یہ شفاعت نہیں تیری
غیروں سے کہوں کچھ یہ اجازت نہیں تیری

چُھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقت کرم ہے
یا فاطمہؑ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

سائل ہوں ذرا زوجۂ حیدرؑ میری سُن لے
ہے مریمؑ و سارہؑ سے تُو بہتر میری سُن لے
خالق کے لئے بنتِ پیمبرؐ میری سُن لے
اے والدۂ محسن و شبّر میری سُن لے

چُھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقت کرم ہے
یا فاطمہؑ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

دشمن بھی جو سائل تیرے گھر آگیا بی بی
یہ غم تو میرے دل کو بس اب کھا گیا بی بی
کچھ اپنی تمنّا سے سوا پا گیا بی بی
کیوں راز نہ تقدیر کا سمجھا گیا بی بی

چُھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقت کرم ہے
یا فاطمہؑ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

لے جا تو یہ کچھ مانگنا میرا نہیں بی بی
محروم رہے خلق یہ شیوہ نہیں بی بی
کچھ پہلے پہل کا تو یہ پھیرا نہیں بی بی
سائل کوئی خالی کبھی پھیرا نہیں بی بی

چُھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقت کرم ہے
یا فاطمہؑ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

کیوں حکم مجھے ثانیٔ مریمؑ نہیں ہوتا
کیوں بنتِ شہنشاہِ دوعالم نہیں ہوتا
کیوں عقدہ بھی حل رنج و الم کا نہیں ہوتا
کیا دیر ہے کیوں دُور یہ غم نہیں ہوتا

چُھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقت کرم ہے
یا فاطمہؑ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

خادم کو بھلا آقا سے کیا کیا نہیں ملتا
ہے میری خطا جو مجھے مانگا نہیں ملتا
دُنیا نہیں یا توشۂ عقبےٰ نہیں ملتا
حد ہو گئی حسنینؑ کا صدقہ نہیں ملتا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

غیرت کا تقاضہ ہے یہ شکوہ نہیں بی بی
غیروں سے کہوں جا کے یہ شیوہ نہیں بی بی

اظہارِ محبت اپنا طریقہ نہیں بی بی
اس در کے سوا اور وسیلہ نہیں بی بی

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

بخشی ہے مجھے دولتِ ایمان نبیؐ نے
پہلے بھی کرم مجھ پہ کئے حق کے وصی نے

مشکل میں مدد کی ہے سدا حق کے ولی نے
بھولا نہیں ہے یاد دیا ہے جو علیؑ نے

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

اکثر ہمیں آفات سے بی بیؑ نے بچایا
عُریانی میں اکثر ہمیں چادر میں چھُپایا

غم سے بھی کئی مرتبہ آ آ کے چھڑایا
آیا ہے تمہارے لئے تطہیر کا سایا

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

معلوم ہے بالکل مجھے بی بی کا طریقہ
بچّوں کے لئے یاد ہے دامن کا پکڑنا

شوہر سے کبھی اپنے لئے کچھ نہیں مانگا
یوُں ہی میرے مقصد کو کرا دیجئے پوُرا

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

لِلّٰہ بلاؤں کو میرے سر سے توُ رد کر
حاجت میری پوُری ہو خدا کے لئے کد کر

اب صبر میرے ہاتھ سے جاتا ہے مدد کر
چلّاؤں میں کب تک کوئی اسکی بھی تو حد کر

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے

یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

سُن لیجئے جو کچھ مجھے تقدیر کا ڈر ہے
جاؤں جو کہیں اور تو تحقیر کا ڈر ہے

اور ساتھ ہی اس کے فلکِ پیر کا ڈر ہے
کچھ آپ کا کچھ حضرتِ شبّیرؑ کا ڈر ہے

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

مدّاح ہے خادم یہ تیرا مجھ کو گلہ ہے
واللہ میرا حال مصیبت پہ بجا ہے

اب دیر تیری بندہ نوازی پہ بھی کیا ہے
شہزادی جو خدمت میں تیری عرض کیا ہے

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

دشمن بھی ستائیں مجھے میں رنج نہ کھاؤں
انسان ہوں کب تک یہ بھلا صدمہ اُٹھاؤں

اور حرفِ شکایت کا ذرا لب پہ نہ لاؤں
خادم تو تمہاری ہوں کہاں کہنے کو جاؤں

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

اب چین عطا خالقِ یزداں سے ہو بی بی
تکلیف نہ وسواس کی شیطاں سے ہو بی بی

اور شوق مجھے قرأتِ قرآں سے ہو بی بی
مقبوُل دُعا میری دل و جاں سے ہو بی بی

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

آرام زمانے میں مجھے آج نہ کل ہے
بس ناز ہے تم پر یہ بنا میرا عمل ہے

ہر وقت میری آنکھوں میں تصویرِ اجل ہے
یوُں مانگنا میرا بخدا پہلے پہل ہے

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمۂ زہرا تمہیں بچّوں کی قسم ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مصحف نے کیا ناز تلاوت پہ تمہاری ہے شانِ نبیؐ صاف شباہت پہ تمہاری
خالق کو مباہات سخاوت پہ تمہاری نازاں ہیں گنہگار شفاعت پہ تمہاری

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

آقا میرا خاتون کا فرزند ہے شبیرؑ حیدرؑ کا خلف میرا خداوند ہے شبیرؑ
آمیر کے صدقے سے ہنرمند ہے شبیرؑ اس بات سے کیا خرم و خورسند ہے شبیرؑ

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

اللہ نے دکھلایا ہمیں فاطمہؑ کا گھر یاں مجھ کو نبیؐ مل گئے اور خالقِ اکبر
بی بی میری جانب سے ذرا کہہ دو یہ بڑھ کر اب وقتِ مصیبت ہے بچالیں مجھے حیدرؑ

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

وہ حال ہے میرا جو نہیں قابلِ تحریر برگشتہ زمانہ ہے تو دشمن فلکِ پیر
محتاج پریشاں ہوں نہیں کچھ مری تدبیر فریاد ہے فریاد ہے اے مادرِ شبیرؑ

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

مسکین تو پیٹ اپنا بھرے منہ کو میں دیکھوں پائے جو یتیم آ کے کہے منہ کو میں دیکھوں
قیدی کو ملے در سے تیرے منہ کو میں دیکھوں خادم کو کوئی لے کے پھرے منہ کو میں دیکھوں

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

دل آپ کو روتا ہے تو کیا آپ کو روئیں خود آپ کو رویا کریں یا آپ کو روئیں

خود سے جو ہو فرصت بخدا آپ کو روئیں ٹل جائے مصیبت تو ذرا آپ کو روئیں

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

سائل تیرا اب غیر کے گھر جا نہیں سکتا اوروں کا دیا تیری قسم کھا نہیں سکتا
تو چاہے جو خالق سے تو کیا آ نہیں سکتا جبریلؑ تیرے کہنے سے کیا لا نہیں سکتا

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

کیا جا کے کروں غیر کے گھر ہو بھی تو ایسا پوری ہو تمنا کوئی در ہو بھی تو ایسا
خود جھیلے مصائب کو جگر ہو بھی تو ایسا ہر ایک کی سُن لے جو بشر ہو بھی تو ایسا

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

یا فاطمہؑ آئمہ اطہر کا تصدق قاسمؑ کا تصدق علی اکبرؑ کا تصدق
اصغرؑ کا اور عباسؑ دلاور کا تصدق کلثومؑ کا اور زینبؑ مضطر کا تصدق

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

ہے ختم سخن اب مجھے غم سے چھڑا دو سجادؑ کے صدقے سے میرے دکھ کو گنوا دو
جو دل میں تمنا ہے سبھی حق سے دلا دو ہے شوق زیارت مجھے زیارت تو کرا دو

چھڑوا دو ہمیں غم سے یہی وقتِ کرم ہے
یا فاطمہؑ زہراؑ تمہیں بچوں کی قسم ہے

تمام شیعہ جنتریوں کی سرتاج
اثنا عشری جنتری کلاں
جو کہ ہر سال ماہ اکتوبر یا نومبر میں شائع ہو جاتی ہے
لکھائی چھپائی کاغذ عمدہ۔ ٹائیٹل رنگین۔ صفحات سب سے
زیادہ۔ ہدیہ سب سے کم۔ آج ہی طلب فرمایئے۔

امامیہ کتب خانہ۔ مغل حویلی۔ اندرون موچی دروازہ لاہور ۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس مناجات کے جملہ حقوق محفوظ ہیں ،

مناجات

حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام

آتا نہیں جینے کا نظر کوئی قرینہ
دو نیم ہے انگشتری دل کا نگینہ
موجوں کے حوالے ہوا ہستی کا سفینہ
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجیے میری
یا حضرتِ عباسؑ مدد کیجیے میری

دامن کیے ہیں جو چاک وہ سینے نہیں دیتے
اور بادۂ تسکین کو پینے نہیں دیتے
دشمن جو ہیں وہ چین سے جینے نہیں دیتے
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجیے میری
یا حضرتِ عباسؑ مدد کیجیے میری

گھر پر میرے اب ڈالا ہے بدبختی نے ڈیرا
ماحول پہ چھایا ہے گھٹا ٹوپ اندھیرا
ہر سمت ہے تاریک گھٹاؤں کا بسیرا
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجیے میری
یا حضرتِ عباسؑ مدد کیجیے میری

مدت سے ہوں زندان مصیبت میں گرفتار
دیکھو جسے آتا ہے نظر درپئے آزار،
ہر وقت میں ایک تازہ مصیبت سے ہوں دوچار
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجیے میری
یا حضرتِ عباسؑ مدد کیجیے میری

جان اپنی جھمیلوں سے چھڑائی نہیں جاتی
اور تازہ مصیبت بھی اٹھائی نہیں جاتی
تسکین کی صورت کوئی پائی نہیں جاتی
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجیے میری
یا حضرتِ عباسؑ مدد کیجیے میری

ہستی میری فریاد سے معمور ہوئی ہے
برباد بہت خاطر رنجور ہوئی ہے
شکوہ پہ طبیعت میری مجبور ہوئی ہے
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجیے میری
یا حضرتِ عباسؑ مدد کیجیے میری

مجھ سا کوئی بے یار و مددگار نہیں ہے
برباد نہیں بے کس و ناچار نہیں ہے
حامی کوئی جز آپ کے سرکار نہیں ہے
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجیے میری
یا حضرتِ عباسؑ مدد کیجیے میری

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب اپنے بچوں کے لیے scan کی
مکمل کتاب وقت کی کمی کی وجہ سے نہ کر سکا
کچھ صفحات اسمیں نہیں ہیں ۔ اپنے دوستوں
یہ کام کیا

طالب دعا
سید نذر عباس
16.8.2010

احباب بھی تو میری مدد کو نہیں آتے
اور آ کے مصیبت میں نہیں ہاتھ بٹاتے
صورت بھی نہیں اُن کے وُہ اپنی دکھاتے
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجئے میری
یا حضرت عباسؑ مدد کیجئے میری

داماں کرم مجھ کو اُڑھا دیجئے مولا !
تسکین کا پیغام سُنا دیجئے مولا
بگڑی ہوئی تقدیر بنا دیجئے مولا
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجئے میری
یا حضرت عباسؑ مدد کیجئے میری

کس وقت میرے ہونٹوں پہ اِک بین نہیں ہے
کیا ربط میرے آپکے مابین نہیں ہے
واللہ کسی طرح مجھے چین نہیں ہے
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجئے میری
یا حضرت عباسؑ مدد کیجئے میری

سرکار کو شبیرؑ کی دختر کی قسم ہے
اور زینبؑ و کلثومؑ کی چادر کی قسم ہے
اصغرؑ کی قسم اور علی اکبرؑ کی قسم ہے
منجدھار میں ہوں جلد خبر لیجئے میری
یا حضرت عباسؑ مدد کیجئے میری

ختم شد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas